30 مارچ 2014ء

اسٹیٹ بینک اور پاکستان بینکس ایسوسی ایشن کی چندریگر روڈ صفائی مہم کا آغاز

اسٹیٹ بینک آف پاکستان اور پاکستان بینکس ایسوسی ایشن نے آئی آئی چندریگر روڈ کو وال چاکنگ، کچرے اور کوڑا کرکٹ سے پاک کرنے کے لیے مشترکہ مہم کا آغاز کر دیا ہے۔ قائم مقام گورنر اسٹیٹ بینک جناب اشرف محمود وتھرا کی ایما پر اتوار 30 مارچ ''چندریگر روڈ صفائی 2014ء'' کے یوم کے طور پر منایا گیا۔ افتتاحی تقریب اسٹیٹ بینک میں ہوئی جس میں گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد خان مہمان خصوصی تھے۔ یہ آئی آئی چندریگر روڈ کی صفائی ستھرائی کی ایک سالہ مہم کا آغاز ہے۔

ڈھائی کلومیٹر طویل اس سڑک کو آٹھ حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے جو آٹھ مختلف بینکوں کو مختص کیے گئے ہیں۔ صفائی مہم میں بینک الفلاح لمیٹڈ، نیشنل بینک، یونائیٹڈ بینک، بینک الحبیب، حبیب بینک، ایم سی بی بینک، حبیب میٹروپولیٹن بینک اور جے ایس بینک حصہ لیں گے۔

اس موقعے پر خطاب کرتے ہوئے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد خان نے کہا کہ پاکستان کے ہر شہری کو کام کرنے اور رہنے کے لیے صاف علاقے کی ضرورت ہے۔

'' گلیوں، سڑکوں اور پارکوں پر کچرا پھینکنا ہمارے معاشرے میں عام ہے۔ عوامی مقامات پر ڈسٹ بن شاذو نادر ہی پائے جاتے ہیں۔ اگر ڈسٹ بن رکھے جائیں تب بھی لوگ انہیں استعمال نہیں کرتے۔''

انہوں نے کراچی کے تمام شہریوں پر زور دیا کہ صفائی کا دن منائیں اور کراچی کو اپنے خوابوں کا شہر بنانے کی سمت ایک مثبت قدم اٹھائیں۔

اسٹیٹ بینک کے قائم مقام گورنر جناب اشرف محمود وتھرا نے کہا کہ کوئی بھی معاشرہ صفائی اور حفظان صحت کی افادیت سے انکار نہیں کر سکتا۔ انہوں نے حاضرین کو یاد دلایا کہ اس سے قبل 2007ء میں بھی آئی آئی چندریگر روڈ کی تعمیر و مرمت کے ایک ایسے ہی منصوبے کے لیے فنڈز فراہم کیے گئے تھے۔ 230 ملین روپے کی خطیر رقم اسٹیٹ بینک اور دیگر فریقوں کے تعاون سے چندریگر روڈ کی بحالی کے لیے جمع کی گئی تھی۔ افسوس ہے کہ منصوبہ مکمل ہونے کے بعد میونسپل ایڈمنسٹریشن نے صفائی اور دیکھ بھال کا خیال نہیں رکھا۔

''یہ اسٹیٹ بینک اور کمرشل بینکوں کی کارپوریٹ سوشل ذمہ داری ہے کہ وہ ماحول پر ہماری سرگرمیوں کے مثبت اثرات کو یقینی بنائیں اور اس مقصد سے پوری طرح وابستہ رہیں۔ ہمیں انفرادی و اجتماعی سطح پر اپنے ماحول کو صاف رکھنے کے لیے کسی دوسرے کا انتظار کرنے کے بجائے ایک سرگرم طرز فکر اختیار کرنے کی ضرورت ہے۔''

انہوں نے تمام فریقوں پر زور دیا کہ آگے آئیں اور اس سڑک کو کچرے سے پاک کرنے کی مہم میں سرگرم کردار ادا کریں۔

اس مہم کا باقاعدہ آغاز گورنر سندھ اور قائم مقام گورنر اسٹیٹ بینک کی جانب سے فیتہ کاٹ کر کیا گیا۔

ڈپٹی گورنرز اسٹیٹ بینک، اسٹیٹ بینک کے سینئر افسران اور ان کے اہل خانہ، کمشنر کراچی، شہری انتظامیہ کے حکام اور کارکنوں، کمرشل بینکوں کے نمائندے اور آئی آئی چندریگر روڈ اور قرب و جوار کے کاروباری اداروں کے نمائندے بھی تقریب میں شریک ہوئے۔

☆☆☆